© rasailojaraid.com



**شمعِ حرم** مرتبہ راجہ مہدی علی خاں صاحب تقطیع خورد ضخامت ۲۷۳ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ عمدہ قیمت مجلد عہ پتہ:- نرائن دت سہگل اینڈ سنز لوہاری دروازہ لاہور۔ و مکتبہ برہان قرول باغ دہلی

یہ کتاب دس افسانوں کا مجموعہ ہے جو ہندوستان کی مشہور افسانہ نویس خواتین کے زائیدہ فکر ہیں اکثر افسانے تو وہی ہیں جو اردو میں لکھے گئے تھے البتہ بعض افسانے مرہٹی اور ہندی سے ترجمہ کرائے گئے ہیں مگر ترجمہ ایسا کامیاب ہے کہ ترجمہ معلوم نہیں ہوتا اس پر اوریجنل کا خیال ہوتا ہے۔ افسوس ہے کہ "عذرا باجی" اور" اندھے کی لاٹھی" کو مستثنیٰ کرکے اردو زبان کی افسانہ نویس خواتین کے جو افسانے اس کتاب میں شریک اشاعت ہیں وہ افسانوی حیثیت سے باعتبار مجموعی ہندی اور مرہٹی زبان کے افسانوں سے کمتر معلوم ہوتے ہیں۔ تاہم یہ مجموعہ دلچسپ اور اوقاتِ فرصت میں پڑھنے کے لائق ہے۔ اس سے خواتینِ ہند کے ذہنی ارتقار اور ان کے ادبی ذوق کا اندازہ ہوگا۔

**بطش قدیر بر قادیانی تفسیر کبیر** از مولانا ابو الوفا ثناء اللہ صاحب امرتسری تقطیع ۱۸×۲۲/۸ ضخامت ۴۴ صفحات طباعت و کتابت متوسط قیمت ۴ر پتہ:- دفتر اخبار اہلحدیث امرتسر

خلیفۂ قادیانی نے تفسیر قرآن کی ایک جلد (از سورۂ یونس تا سورۂ کہف) شائع کی ہے جس میں انھوں نے اپنے مسلک و مشرب باطل کے مطابق قرآن مجید میں جابجا تحریف سے کام لیا ہے۔ مولانا ثناء اللہ صاحب نے جو اس پیرانہ سالی میں بھی ردِّ قادیان کے معاملہ میں جوانوں کی سی ہمت رکھتے ہیں۔ اس مختصر رسالہ میں تفسیر موصوف کے دس مقامات پر دس تعاقبات کئے ہیں۔ اور بدلائل قویہ قادیانی تفسیر کی رکاکت کو ظاہر کیا ہے جن لوگوں کو بدقسمتی سے اس تفسیر کے مطالعہ کا اتفاق ہوا ہو۔ انھیں بطشِ قدیر کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیے۔

**دارالعلوم** زیرِ نگرانی جناب مہتمم صاحب دارالعلوم دیوبند زیرِ ادارت مولانا عبدالوحید صاحب غازی پوری تقطیع ۲۰×۲۶/۸ ضخامت ۴۸ صفحات کتابت وطباعت اور کاغذ متوسط سالانہ چندہ دو روپیہ فی پرچہ ۳ر

دارالعلوم دیوبند کے پرانے علمی اور مذہبی رسالوں القاسم اور الرشید کے بند ہوجانے کے بعد سے اب تک



© rasailojaraid.com